SYLLABUS

# URDU

FOR

4 YEARS U.G. (HONOUR) PROGRAMME

4 YEARS U.G. (HONOURS WITH RESEARCH) PROGRAMME

AND

P.G. PROGRAMME

**EFFECTIVE FROM SESSION 2024-25 ONWARDS**

## MAHARAJA SUHEL DEV UNIVERSITY

AZAMGARH (U.P.) 260128, INDIA

**PROFESSOR MOHAMMAD TAHIR**
CONVENOR
HEAD, DEPT. OF URDU
SHIBLI NATIONAL COLLEGE, AZAMGARH (U.P.) 276001



Scanned with OKEN Scanner

# 4 Years U.G. (Hons) / 4 Years U.G. Hons. with Research/ P.G. 1st Year

**Note:**

- Students who secured above 75% in UG Three years programme will be eligible for UG Hons. with research.
- UG Hons with research shall include one long research project in Urdu which will contain minimum 100 pages and maximum 150 pages in topics given by the department. Students will do this work under the supervision of Teachers. Teacher shall explain basic principles and rules of the research project writing in class lectures. Viva will be conducted at department to examine ability and performance.
- Method of Examination= Research Project (Marks 100)



Scanned with OKEN Scanner

## B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIth PAPER STRUCTURE

| LECTURES | CREDITS | COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|---|
| 75 | 5 | Urdu Classical Ghaza | اردو کلاسیکی غزل | Core Compulsory | A030701T |
| 75 | 5 | Urdu Masnawi | اردو مثنوی | Core Compulsory | A030702T |
| 75 | 5 | Urdu Qaseedah | اردو قصیدہ | Core Compulsory | A030703T |
| 75 | 5 | Urdu Marsiyah | اردو مرثیہ | Core Compulsory | A030704T |
| 75 | 5 | Ghiar Afsanwi Adab | غیر افسانوی ادب | Optional | A030705AT |
| 75 | 5 | Urdu Zaban o AdabkaTahzibi o SakafatiRishta | اردو زبان و ادب کا تہذیبی و ثقافتی رشتہ | Optional | A030705BT |
| | 4 | Major Research Project* | ٭میجر ریسرچ پروجیکٹ | | |

٭ میجر ریسرچ پروجیکٹ کے لیے الگ سے کوئی نصاب مقرر نہیں ہے طلبا کو سپروائزر سے رابطہ قائم کرنا ہوگا۔

## B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIIth PAPER STRUCTURE

| LECTURES | CREDITS | COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|---|
| 75 | 5 | Tareekh-e-Adab-Urdu | تاریخ ادب اردو | Core Compulsory | A030801T |
| 75 | 5 | Urdu Afsana | اردو افسانہ | Core Compulsory | A030802T |
| 75 | 5 | Afsanwi Adab (Dastan Novel) | افسانوی ادب (داستان ناول) | Core Compulsory | A030803T |
| 75 | 5 | Urdu Drama | اردو ڈراما | Core Compulsory | A030804T |
| 75 | 5 | Jadeed Urdu Nazm | جدید اردو نظم | Optional | A030805AT |
| 75 | 5 | Jadeed Ghazal | جدید غزل | Optional | A030805BT |
| | 4 | Major Research Project* | ٭میجر ریسرچ پروجیکٹ | | |

٭ میجر ریسرچ پروجیکٹ کے لیے الگ سے کوئی نصاب مقرر نہیں ہے طلبا کو سپروائزر سے رابطہ قائم کرنا ہوگا۔

## M.A. 1st (URDU) SEMESTER – IXth PAPER STRUCTURE

| LECTURES | CREDITS | COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|---|
| 75 | 5 | Tahreekat-o-Dabistaan | تحریکات و دبستان | Core Compulsory | A030901T |
| 75 | 5 | Urdu Tanqeed | اردو تنقید | Core Compulsory | A030902T |
| 75 | 5 | Awami Zarae-e-Tarseel | عوامی ذرائع ترسیل | Core Compulsory | A030903T |
| 75 | 5 | Sir Syed Ahmad Khan (Special Study) | سرسید احمد خاں خصوصی مطالعہ | Optional | A030904AT |
| 75 | 5 | Shibli Nomani (Special Study) | علامہ شبلی نعمانی خصوصی مطالعہ | Optional | A030904BT |
| | 4 | Major Research Project* | ٭میجر ریسرچ پروجیکٹ | | |

٭ میجر ریسرچ پروجیکٹ کے لیے الگ سے کوئی نصاب مقرر نہیں ہے طلبا کو سپروائزر سے رابطہ قائم کرنا ہوگا۔



Scanned with OKEN Scanner

## M.A. IInd (URDU) SEMESTER – Xth PAPER STRUCTURE

| LECTURES | CREDITS | COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|---|
| 75 | 5 | MirzaGhalib (Detailed Study) | مرزا غالب (تفصیلی مطالعہ) | Core Compulsory | A031001T |
| 75 | 5 | Premchand (Detailed Study) | پریم چند (تفصیلی مطالعہ) | Optional Group (A) | A031002AT |
| 75 | 5 | AllamaIqbal (DetailedStudy) | علامہ اقبال (تفصیلی مطالعہ) | | A031002BT |
| 75 | 5 | Urdu InshaiyahaurKhakaNigari | اردو انشائیہ اور خاکہ نگاری | | A031002CT |
| 75 | 5 | Farsi aur Hindi Adab | فارسی اور ہندی ادب | Optional Group (B) | A031003AT |
| 75 | 5 | Urdu Sarf-o-NahwQawayed | اردو صرف و نحو قواعد | | A031003BT |
| 75 | 5 | DakniAdab | دکنی ادب | | A031003CT |
| | 4 | Major Research Project viva voca | میجر ریسرچ پروجیکٹ۔ زبانی امتحان | | |

میجر ریسرچ پروجیکٹ کے لیے الگ سے کوئی نصاب مقرر نہیں ہے طلبا کو سپروائزر سے رابطہ قائم کرنا ہوگا۔ زبانی امتحان میں اردو زبان و ادب سے متعلق کوئی بھی سوال ممتحن پوچھ سکتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

# B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIth (PAPER – 1)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Classical Ghazal | اردو کلاسیکی غزل | Core Compulsory | 5 | A030701T |

اغراض ومقاصد(Course Outcome) غزل اردو شاعری کی سب سے مقبول صنف سخن ہے اور اس کی مقبولیت ابتدا سے ہنوز برقرار ہے۔ اس پرچہ میں غزل کی ہیئت، غزل کے موضوعات اور اس کی مبادیات سے طلباء کی واقفیت مقصود ہے۔ کلاسیکی غزل اردو شاعری کا سب سے اہم جزو ہے جس کی تدریس اہمیت کی حامل ہے۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 13 | غزل: مفہوم، تعریف، ہیئت اور عناصر غزل کی معنویت واہمیت<br>غزل کا امتیازی فن، امتیازی عناصر، ایجاز واختصار کی معنویت واہمیت<br>غزل کے موضوعات (تصور عشق، تصوف اور موضوعات تنوع) | 1 |
| 15 | اردو غزل کی ابتدائی نقوش (قلی قطب شاہ، ولی دکنی کے خصوصی حوالے سے)<br>دکن میں اردو غزل کا ارتقا (لسانی اور اسلوبیاتی بحث کے حوالے سے) نیز درج ذیل غزلوں کی متنی تدریس<br>قلی قطب شاہ: (پیا باج پیالا پیا جائے نا☆ ہمارا سجن خوش نظر باز ہے)<br>ولی دکنی: (کیا مجھ عشق نے ظالم کو آب آہستہ آہستہ ☆ جسے عشق کا تیر کاری لگے) | 2 |
| 17 | شمالی ہند کی غزلوں پر جنوبی ہند کے اثرات نیز شمالی ہند میں اردو غزل کا آغاز وارتقا (حاتم، یقین اور مظہر کے حوالے سے)<br>میر درد، میر تقی میر اور شیخ ابراہیم ذوق کی غزلوں کے امتیازی اسالیب نیز درج ذیل غزلوں کی متنی تدریس<br>درد: (ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں ☆ ارض وسماں کہاں تری وسعت کو پاسکے)<br>میر: (تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا☆ اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا☆ رنج کھینچے تھے داغ کھائے تھے)<br>ذوق: (لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے ☆ وقت پیری شباب کی باتیں) | 3 |
| 15 | کلاسیکی غزل کی شعریات، دکن، دہلی، اور لکھنؤ کی غزل گوئی کے مشترک عناصر شعری<br>لکھنؤ میں نئی شعری روایت، خارجیت کی فضا اور زبان کا صناعانہ استعمال<br>دبستان دہلی اور دبستان لکھنؤ کی غزل کے امتیازات نیز درج ذیل غزلوں کی متنی تدریس<br>مومن: (الٹے وہ شکوے کرتے ہیں اور کس ادا کے ساتھ ☆ غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا)<br>ناسخ: (یوں مجھے آپ سے اب کرتی ہے تقدیر جدا☆ قامت یار کو ہم یاد کیا کرتے ہیں۔ | 4 |
| 15 | دہلی اور لکھنؤ کے غزلیاتی موضوعات اور اسالیب کا موازنہ<br>درج ذیل غزلوں کی متنی تدریس<br>جرات: (بھری جو حسرت ویاس اپنی گفتگو میں ہے ☆ اس کے جانے سے یہ ملال ہوا)<br>آتش: (سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا☆ یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے ☆ حسرت جلوہ دیدار لیے پھرتی ہے) | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


| | | | |
|---|---|---|---|
| اردو غزل | یوسف حسین خاں | مقدمہ شعر وشاعری | الطاف حسین حالی |
| ہماری شاعری | مسعود حسین رضوی ادیب | غزل کی سرگزشت | اختر انصاری |
| شعر شور انگیز | شمس الرحمن فاروقی | دلی کا دبستان شاعری | نورالحسن ہاشمی |
| لکھنؤ کا دبستان شاعری | ابواللیث صدیقی | غزل اور غزل کی تعلیم | اختر انصاری |




Scanned with OKEN Scanner

**B.A. IV Year (URDU)** **SEMESTER – VIIth** **(PAPER –II)**

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Masnawi | اردو مثنوی | Core Compulsory | 5 | A030702T |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) مثنوی ایک ایسی صنف نظم ہے جس میں اس عہد کی تہذیبی اور ثقافتی تاریخ موجود ہے۔ یہ بیانیہ شاعری کے فن کا بہترین نمونہ بھی ہے۔ ایک منفرد اور مقبول شعری ہیئت بھی ہے۔ لہٰذا اس کا مطالعہ طلبا کے لیے مفید ہے۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 13 | مثنوی: ہیئت اور اجزائے ترکیبی<br>مثنوی کی شعریات: جذبات نگاری، منظر نگاری، سراپا نگاری، جزئیات نگاری اور مرقع نگاری<br>مثنوی کی اقسام (بہ اعتبار موضوع): داستانوی، رزمیہ، اخلاقی، فلسفیانہ، صوفیانہ<br>مثنوی سے متعلق حالی اور شبلی کے خیالات کا تنقیدی مطالعہ | 1 |
| 15 | دکن میں اردو مثنوی کا ارتقا<br>دکن کی بعض اہم مثنویوں (قطب مشتری، پھول بن، گلشن عشق) کا تعارف<br>شمالی ہند میں اردو مثنوی کا ارتقا<br>شمالی ہند کی بعض اہم مثنویوں (بکٹ کہانی اور خواب و خیال) کا تعارف | 2 |
| 17 | میر حسن بہ حیثیت مثنوی نگار<br>مثنوی سحر البیان کا تفصیلی و تنقیدی مطالعہ<br>مثنوی سحر البیان کی متنی تدریس | 3 |
| 15 | پنڈت دیا شنکر نسیم بہ حیثیت مثنوی نگار<br>مثنوی گلزار نسیم کا تفصیلی و تنقیدی مطالعہ<br>مثنوی گلزار نسیم کی متنی تدریس | 4 |
| 15 | مرزا شوق بہ حیثیت مثنوی نگار<br>مثنوی زہر عشق کا تفصیلی و تنقیدی مطالعہ<br>مثنوی زہر عشق کی متنی تدریس | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


تاریخ ادب اردو (جلد اول) — جمیل جالبی
اردو مثنوی شمالی ہند میں — گیان چند جین
شعر العجم (جلد پنجم) — شبلی نعمانی
گلزار نسیم: دیا شنکر نسیم — (مرتبہ رشید حسن خاں)
بکٹ کہانی: محمد افضل — (مرتبہ نور الحسن ہاشمی)
مقدمہ شعر و شاعری — الطاف حسین حالی
سحر البیان: میر حسن — (مرتبہ رشید حسن خاں)
زہر عشق: مرزا شوق — (مرتبہ رشید حسن خاں)




Scanned with OKEN Scanner

**B.A. IV Year (URDU)** **SEMESTER – VIIth** **(PAPER –III)**

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Qaseedah | اردو قصیدہ | Core Compulsory | 5 | A0307031 |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) شاعری ادب کا ایک اہم باب ہے، ادب کے طالب علموں کے لیے اس سے واقفیت بہت ضروری ہے۔

اس پرچے میں کے مندرجات میں قصیدہ کا تعارف، ارتقا اور اہم قصیدہ گویوں کے حالات زندگی کے علاوہ ان کے تخلیق کردہ قصائد کو درس و تدریس میں شامل کرکے طلباء کو قصیدہ کی اہمیت اور افادیت سے روشناس کرایا جائے گا

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 13 | قصیدہ: تعریف، ہیئت، اقسام اور اجزائے ترکیبی<br>قصیدہ کی شعریات (شکوہ بیان، جدت ادا، مبالغہ آرائی، قدرت بیان)<br>قصیدہ لغت سے اصطلاح تک<br>صنف قصیدہ پر اعتراضات اور اعترافات کا جائزہ | 1 |
| 15 | اردو قصیدہ نگاری اور مرزا محمد رفیع سودا<br>سودا کی قصیدہ نگاری کا عمومی جائزہ<br>شامل نصاب سودا کے قصیدہ کی متنی تدریس (ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی) | 2 |
| 17 | اردو قصیدہ نگاری شیخ محمد ابراہیم ذوق<br>ذوق کی قصیدہ نگاری کا عمومی جائزہ<br>شامل نصاب ذوق کے قصیدہ کی متنی تدریس (ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی) | 3 |
| 15 | اردو قصیدہ نگاری میں غالب کے امتیازات<br>غالب کی قصیدہ نگاری کا عمومی جائزہ<br>شامل نصاب غالب کے قصیدہ کی متنی تدریس (ہاں مہ نو سنیں ہم اس کا نام) | 4 |
| 15 | محسن کاکوروی کی قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ<br>شامل نصاب محسن کاکوروی کے قصیدہ کی متنی تدریس (سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل) کا پہلا جز<br>اقبال سہیل کے قصیدہ کی متنی تدریس (اللہ رے دل فریبی زندان کائنات) | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:

| | |
|---|---|
| اردو میں قصیدہ نگاری | ڈاکٹر ابو محمد سحر |
| تاریخ ادب اردو | ڈاکٹر جمیل جالبی |
| اردو قصیدہ نگاری | ام ہانی اشرف |
| اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ | پروفیسر محمود الٰہی |
| نقش و معنی | ظفر احمد صدیقی |
| انتخاب قصائد و مراثی | ڈاکٹر ای۔اے۔ حیدری |



Scanned with OKEN Scanner

**B.A. IV Year (URDU)** **SEMESTER – VIIth** **(PAPER –IV)**

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Marsiyah | اردو مرثیہ | Core Compulsory | 5 | A030704T |

اغراض ومقاصد(Course Outcome) مرثیہ شاعری کی ایک اہم صنف ہے اور ہماری مذہبی اور تہذیبی روایت کا یہ حصہ ہے۔ اس کے آغاز اور عناصر اور روایت کو اس میں شامل کیا جائے گا اور مطالعہ کے لیے متن بھی فراہم کیا جائے گا تاکہ طلبا اس صنف سے واقف ہو سکیں۔

| Lectures | تدریسی موضوعات Learning Topics | Unit |
|---|---|---|
| 13 | مرثیہ: تعریف، ہیئت، اقسام اور اجزائے ترکیبی<br>اردو مرثیے کا عہد بہ عہد ارتقا<br>کربلائی اور شخصی مرثیہ<br>مرثیہ میں رزمیہ اور المیہ عناصر کی معنویت | 1 |
| 15 | مرثیہ گوئی کے مذہبی، تہذیبی اور سماجی محرکات<br>مرثیہ کے فنی اور جمالیاتی محاسن (جذبات نگاری، منظر نگاری، ڈرامائی عناصر اور اخلاقی پہلو)<br>دکن میں اردو مرثیہ کی روایت اور تاریخ<br>شمالی ہند میں اردو مرثیہ کی روایت اور تاریخ | 2 |
| 17 | میر انیس کی مرثیہ نگاری<br>میر انیس کی مرثیہ گوئی میں انفرادیت<br>میر انیس کی زبان (فصاحت، سلاست، سادگی کے حوالے سے)<br>شامل نصاب میر انیس کے مرثیہ کی متنی تدریس (جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے) | 3 |
| 15 | مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری<br>مرزا دبیر کی مرثیہ گوئی میں انفرادیت<br>مرزا دبیر کی زبان (بلاغت، صنائع بدائع، جدت پسندی کے حوالے سے)<br>شامل نصاب مرزا دبیر کے مرثیہ کی متنی تدریس (پیدا شعاع مہر کی مقراض جب ہوئی) | 4 |
| 15 | جوش کی مرثیہ نگاری<br>جوش کی انفرادیت<br>جوش کی زبان (کربلائی عناصر کی پیکر تراشی اور جدت پسندی کے حوالے سے)<br>شامل نصاب جوش کے مرثیہ کی متنی تدریس (حسین اور انقلاب) | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


| | | | |
|---|---|---|---|
| موازنہ انیس و دبیر | شبلی نعمانی | اردو مرثیہ کا ارتقا | ڈاکٹر مسیح الزماں |
| روح انیس | مسعود حسین رضوی ادیب | مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر | ظفر احمد صدیقی |
| انتخاب قصائد و مراثی | ڈاکٹر ای۔اے۔حیدری | اردو میں شخصی مرثیے کی روایت | ڈاکٹر عابد حسین حیدری |
| اردو مرثیہ نگاری | ام ہانی اشرف | مرزا سلامت علی دبیر | محمد زماں آزردہ |
| | ہندوستان میں جدید اردو مرثیے کا ارتقا | ڈاکٹر ای۔اے۔حیدری | |




Scanned with OKEN Scanner

B.A. IV Year (URDU)　　SEMESTER – VIIth　　(PAPER – V-A)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Ghair Afsanwi Adab | غیر افسانوی ادب | Optional | 5 | A030705AT |

اغراض ومقاصد(Course Outcome) اس پرچہ کا مقصد طلباء کو فکشن سے ہٹ کر اردو میں جو نثری ادب تخلیق کیا گیا ہے اس سے روشناس کرانا ہے تاکہ وہ غیر افسانوی ادب سے واقف ہو سکیں اور وہ افسانوی و غیر افسانوی نثر کے فرق کو سمجھ سکیں۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 15 | نثر: تعریف، تاریخ، اقسام<br>افسانوی اور غیر افسانوی نثر میں تفریق<br>غیر افسانوی نثر کے امتیازات<br>غیر افسانوی نثر کی مختلف اصناف کا اجمالی تعارف (خطوط، انشائیہ، خاکہ، سوانح، خودنوشت، مقالہ، سفرنامہ، مضمون) | 1 |
| 15 | خطوط: تعریف، تاریخ، ارتقا<br>غالب کی خطوط نگاری (خطوط غالب)<br>مولانا آزاد کی خطوط نگاری (غبار خاطر)<br>خطوط غالب سے پانچ اور غبار خاطر کے تین ابتدائی خطوط (انتخاب نثر یوپی اردو اکادمی) | 2 |
| 15 | انشائیہ: تعریف، تاریخ، ارتقا<br>سر سید احمد خاں: گزرا ہوا زمانہ، امید کی خوشی (متنی تدریس)<br>محمد حسین آزاد: نیرنگ خیال (متنی تدریس)<br>رشید احمد صدیقی: ارہر کا کھیت، چارپائی (متنی تدریس) | 3 |
| 15 | خاکہ اور سوانح: تعریف، تاریخ، ارتقا<br>خاکہ نگاری اور سوانح نگاری کا فرق<br>مولانا حالی اور شبلی نعمانی کی سوانح نگاری<br>مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری | 4 |
| 15 | سفرنامہ: تعریف، تاریخ، ارتقا<br>مقالہ نگاری: تعریف، تاریخ، ارتقا<br>احتشام حسین (ساحل اور سمندر)<br>شبلی نعمانی کی مقالہ نگاری (سرسید اور اردو لٹریچر، املا اور صحت الفاظ) | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


اردو اسالیب نثر، تاریخ و تجزیہ — امیر اللہ شاہین
اردو نثر کا آغاز و ارتقا — پروفیسر رفیعہ سلطان
اردو میں فن سوانح نگاری کا ارتقا — ڈاکٹر ممتاز فاخرہ
اردو ادب میں خاکہ نگاری — ڈاکٹر صابرہ سعید
اردو اسیز — ظہیر الدین مدنی
انشائیے کی بنیاد — ڈاکٹر سلیم اختر
انشائیہ اور انشائیے — سید محمد حسنین
طنزیات و مضحکات — رشید احمد صدیقی




Scanned with OKEN Scanner

**B.A. IV Year (URDU)** **SEMESTER – VIIth** **(PAPER – V-B)**

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Zaban-o-Adab ka Tahzeebi o Saqafati Rishta | اردو زبان وادب کا تہذیبی وثقافتی رشتہ | Optional | 5 | A030705BT |

اغراض ومقاصد (Course Outcome) تہذیب وثقافت کی جڑیں زبان میں پیوست ہوتی ہیں۔ زبان کے علم کے بغیر تہذیب وثقافت کو سمجھنا تقریباً ناممکن ہے۔ اردو زبان وادب کی تاریخ کو سمجھنے کے لیے تہذیب وثقافت کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ تمام شعری ونثری اصناف میں ہندوستانی تہذیب وثقافت کے جلوے نظر آتے ہیں۔ اس پرچہ کا مقصد طلبا کو ان راستوں سے واقف کرانا ہے جن پر چل کر اردو زبان وادب اور تہذیب وثقافت کے ملاپ کو سمجھا جاسکے۔

| Lectures | تدریسی موضوعات Learning Topics | Unit |
|---|---|---|
| 15 | ادب: تعریف، تاریخ اور افادیت<br>تہذیب: تعریف، تاریخ اور افادیت<br>ثقافت: تعریف، تاریخ اور افادیت<br>سماج: تعریف، تاریخ اور افادیت | 1 |
| 15 | ادب اور سماج کا باہمی تعلق<br>تہذیب وثقافت کا باہمی تعلق<br>اردو ادب اور سماج: ایک مطالعہ<br>اردو ادب اور تہذیب وثقافت: ایک مطالعہ | 2 |
| 15 | ہندوستانی تہذیب وثقافت (ناول: آگ کا دریا کے حوالے سے)<br>ہندوستانی تہذیب وثقافت اور اس کے بنیادی عناصر<br>عرب وعجم کا تہذیبی ورثہ، مسلم تہذیب کا فروغ، عیسائیوں کی آمد<br>شاہ ولی اللہ کی تہذیبی وثقافتی خدمات، بھگتی تحریک اور تصوف (میر تقی میر اور کبیر کے حوالے سے) | 3 |
| 15 | ہندوستانی تہذیب کی بنیادی قدریں اور اردو ادب میں ان کا اظہار<br>تہذیب پر سیاست کے اثرات کا مطالعہ<br>1857 کی جنگ آزادی اور اس کے تہذیبی وثقافتی اثرات<br>تحریک آزادی ہند کا علم وادب سے تعلق | 4 |
| 15 | دہلی دبستان کا تہذیبی وثقافتی مطالعہ<br>لکھنؤ دبستان کا تہذیبی وثقافتی مطالعہ<br>علی گڑھ تحریک کا تہذیبی وثقافتی مطالعہ<br>خطوط غالب اور ہندوستانی تہذیب وثقافت | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب | تینوں جلدیں | تلاش ہند | پنڈت جواہر لعل نہرو |
| اردو کی ادبی تاریخ | عبدالقادر سروری | لکھنؤ کے شعرا کا تہذیبی وثقافتی پس منظر | سید عبدالباری |
| اردو شاعری کا سماجی پس منظر | اعجاز حسین | اردو شاعری کا مزاج | وزیر آغا |
| دہلی کا دبستان شاعری | نورالحسن ہاشمی | لکھنؤ کا دبستان شاعری | ابواللیث صدیقی |
| اردو ادب کا تہذیبی پس منظر | پروفیسر طارق سعید/ڈاکٹر اکبر مہدی مظفر | | |



Scanned with OKEN Scanner

## B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIIth (PAPER –I)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Tareekh-e-Adab-e-Urdu | تاریخ ادب اردو | Core Compulsory | 5 | A030801T |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) اس کورس کو پڑھانے کا مقصد یہ ہے کہ طالب علم ادب کی اہمیت و افادیت سے واقف ہو اور اسے اردو ادب کی ابتدا اور تدریجی ارتقا سے واقفیت ہو جائے۔ اردو کے طالب علموں کو یہ بھی علم ہو جائے کہ اردو ادب کے ارتقا میں کون کون سے ادبی رجحانات اثر انداز ہوئے۔ اردو ادب پر کن زبانوں کو اثر ہوا ہے اس کی معلومات بھی اس پرچہ کا مقصد ہے۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 13 | اردو کا ابتدائی زمانہ<br>جدید ہند آریائی زبانیں<br>مغربی ہندی اور اس کی اہم بولیاں<br>اردو کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات | 1 |
| 15 | دکن کے اہم شعرا کا تعارف<br>اہم دکنی شعری اصناف<br>دکن کی اہم مثنویوں کا تعارف<br>دکن کے اہم مثنوی نگاروں کا تعارف | 2 |
| 17 | دکن میں اردو نثر کی ابتدا اور ارتقا<br>شمالی ہند میں اردو ادب کی ابتدا اور ارتقا کے اسباب و محرکات<br>شمالی ہند میں اہم ادبی سر چشمے<br>شمالی ہند کے ابتدائی اہم شعری معرکے | 3 |
| 15 | شمالی ہند کے اہم شعرا کا تعارف<br>شمالی ہند میں اہم شعری اصناف (ابتدا سے عہد غالب تک)<br>شمالی ہند میں نثر کی ابتدا<br>شمالی ہند میں اہم شعری محرکات | 4 |
| 15 | ایہام گوئی کی تحریک<br>شمالی ہند میں نثر کی روایت<br>تحریک انجمن پنجاب لاہور<br>نیچرل شاعری کی ابتدا | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:

| | |
|---|---|
| تاریخ ادب اردو | جمیل جالبی |
| دکن میں اردو | نصیر الدین ہاشمی |
| مقدمہ تاریخ زبان اردو | مسعود حسین خان |
| دکنی ادب کی تدریس | این سی پی یو ایل (فکر و تحقیق نمبر) |
| اردو زبان کی تاریخ | خلیل احمد بیگ |
| اردو زبان و ادب (اول و دوم) | پروفیسر محمد طاہر |
| دکنی ادب کی تاریخ | محی الدین قادری زور |
| اردو کا ابتدائی زمانہ | شمس الرحمن فاروقی |
| اردو ادب کی تحریکیں | ڈاکٹر انور سدید |
| شمالی ہند میں اردو نثر کا ارتقا | طیبہ خاتون |
| آب حیات | محمد حسین آزاد |



Scanned with OKEN Scanner

**B.A. IV Year (URDU)** **SEMESTER – VIIIth** **(PAPER – II)**

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Afsanah | اردو افسانہ | Core Compulsory | 5 | A030802T |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) داستان اور ناول کے بعد افسانہ ایک اہم صنف ہے۔ افسانہ مغرب سے مستعار صنف ہے گو کہ اردو میں حکایات کی قدیم روایت موجود تھی۔ افسانے نے وقت کی تنگی کے پیش نظر اپنی افادیت واہمیت کو برقرار رکھا ہے آج کے عصری مسائل و مباحث کو اس نے اپنے اندر بخوبی سمولیا ہے یہی وجہ ہے کہ طلبا کو داستان اور ناول کے بعد افسانے سے روشناس کرانا ضروری ہے تاکہ وہ عصری تقاضوں اور مسائل کو ادب کی راہ سے سمجھ سکیں۔

| Lectures | تدریسی موضوعات Learning Topics | Unit |
|---|---|---|
| 17 | افسانے کا فن اور تعریف<br>افسانے کے اجزائے ترکیبی اور صنفی خصوصیات<br>اردو افسانے کے ابتدائی دور کا تفصیلی جائزہ<br>اردو افسانہ اور دیگر افسانوی اصناف | 1 |
| 14 | مندرجہ ذیل افسانہ اور افسانہ نگاروں کا تفصیلی مطالعہ<br>پوس کی رات (پریم چند)<br>کفن (پریم چند)<br>میلہ گھومنی (علی عباس حسینی) | 2 |
| 16 | انگارے کے افسانے: موضوعات، ہیئت اور تکنیک<br>ترقی پسند تحریک اور اردو افسانہ<br>کالو بھنگی (کرشن چندر) چوتھی کا جوڑا (عصمت چغتائی) تفصیلی مطالعہ<br>ٹوبہ ٹیک سنگھ (سعادت حسن منٹو) اپنے دکھ مجھے دے دو (راجندر سنگھ بیدی) تفصیلی مطالعہ | 3 |
| 14 | قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری (پت جھڑ کی آواز کے حوالے سے)<br>افسانے میں نئے رجحانات اور میلانات<br>مندرجہ ذیل افسانوں کا متنی و تفصیلی مطالعہ<br>پیتل کا گھنٹہ (قاضی عبدالستار) شہر افسوس (انتظار حسین) پرندہ پکڑنے والی گاڑی (غیاث احمد گدی) دو بھیگے ہوئے لوگ (اقبال مجید) | 4 |
| 14 | جدیدیت اور اردو افسانہ (موضوعات، ہیئت، تکنیک کے تجربے)<br>1970 کے بعد اردو افسانہ<br>درج ذیل افسانوں کا متنی و تفصیلی مطالعہ<br>بجوکا (سریندر پرکاش)، وہ (بلراج مینرا)، ہزار پایہ (خالد حسین)، تعفن (احمد صغیر)، دلت افسانہ | 5 |


امدادی کتب برائے مطالعہ:

فن افسانہ نگاری — وقار عظیم
داستان سے افسانے تک — وقار عظیم
اردو افسانہ روایت اور مسائل — گوپی چند نارنگ
افسانے کی حمایت میں — شمس الرحمن فاروقی
نیا افسانہ (انتخاب تجزیہ و مباحث) — گوپی چند نارنگ
دلت ڈسکورس اور احمد صغیر کے دلت افسانے — اُماپتی




Scanned with OKEN Scanner

## B.A. IV Year (URDU)          SEMESTER – VIIIth          (PAPER – III A)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Afsanwi Adab (Dastan & Novel) | افسانوی ادب (داستان و ناول) | Core Compulsory | 5 | A0308031 |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) صنف داستان اردو کی قدیم ترین نثری صنف رہی ہے اور اپنے زمانے میں بہت مقبول بھی رہی ہے جس کی بنیاد قصہ گوئی پر ہے جا کہ داستان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا لیکن پھر بھی عوام میں اس کا بہت شہرہ تھا لیکن بعد میں وقت کی تنگی اور حقیقت پسندی کی فضا نے داستان کو زوال پذیر کر دیا اور ناول کے ذریعے سے اور اسے قصہ کہنے اور سننے کا طریقہ ایجاد ہو گیا۔ داستان اور ناول کے درمیان پیدا اس تفریق سے طلبا کو واقف کرانا اس پرچے کا مقصد ہے ساتھ ہی اردو میں جتنے قسم کے ناول لکھے گئے اور اردو میں جو اہم ناول نگار گزرے ہیں ان کا تعارف ضروری ہے اس کے علاوہ فکشن کو فن کی حیثیت سے سمجھانے کی کوشش بھی کی جائے گی۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 17 | داستان کی صنفی حیثیت، دیگر اصناف قصہ اور داستان میں فرق، داستان کے امتیازی پہلو<br>اردو داستانوں کا آغاز، داستان کی تکنیک (دلچسپی، طوالت، قصہ در قصہ وغیرہ)<br>اردو داستانون کی قدر و قیمت اور داستانوں کا ثقافتی، تہذیبی، سماجی پس منظر، داستانوں میں اخلاقی عناصر، خیر و شر کی کشمکش<br>سب رس کا قصہ اور اسلوب بیان (خصوصی مطالعہ ۔ متن ابتدائی بیس صفحات) | 1 |
| 16 | فورٹ ولیم کالج میں لکھی جانے والی اہم داستانوں کا تعارف<br>میر امن اور رجب علی بیگ سرور کی داستان نگاری کا تقابلی مطالعہ<br>باغ و بہار کی متنی تدریس (قصہ پہلے درویش کا)<br>فسانہ عجائب کی متنی تدریس (ابتدائی بیس صفحات) | 2 |
| 15 | ناول کی تعریف اجزائے ترکیبی اور صنفی خصوصیات<br>اردو ناول کا ابتدائی دور<br>ڈپٹی نذیر احمد، پنڈت رتن ناتھ سرشار، مرزا ہادی رسوا اور عبدالحلیم شرر کی ناول نگاری کا اجمالی تعارف<br>امراؤ جان ادا کا خصوصی مطالعہ | 3 |
| 15 | ترقی پسند تحریک اور اردو ناول<br>گئودان کا تفصیلی مطالعہ<br>تقسیم ہند کے زیر اثر ناول اور ناول نگاروں کی تخلیقات<br>آگ کا دریا تفصیلی مطالعہ | 4 |
| 12 | جدیدیت اور اردو ناول<br>موضوعات اور ہیئت و تکنیک کے تجربے<br>1980 کے بعد اردو ناول<br>کئی چاند تھے سر آسماں تفصیلی مطالعہ | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:

| | |
|---|---|
| ہماری داستانیں | وقار عظیم |
| اردو زبان اور فن داستان گوئی | کلیم الدین احمد |
| ناول کیا ہے؟ | نور الحسن ہاشمی / احسن فاروقی |
| تنقیدیں | خورشید الاسلام |
| اردو ناول کی تنقید و تاریخ | احسن فاروقی |
| اردو کے چند ناول | اسلوب احمد انصاری |
| اردو کی نثری داستانیں | گیان چند جین |
| ادبی نثر کا ارتقا | ڈاکٹر شہناز انجم |
| ناول کا فن | ای ایم فاسٹر (مترجم ابوالکلام قاسمی) |
| اردو ناول کی تاریخ و تنقید | علی عباس حسینی |
| بیسویں صدی میں اردو ناول | یوسف سرمست |



Scanned with OKEN Scanner

## B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIIth (PAPER – III B)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Urdu Drama | اردو ڈراما | Core Compulsory | 5 | A030804T |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) صنف ڈراما کو عالمی ادب میں اہم مقام حاصل ہے۔ ہندوستان میں ڈرامے کی بہت مستحکم روایت رہی ہے۔ اردو ڈرامے نے بھی ایک زمانے میں مقبولیت حاصل کی اور معیاری ڈرامے لکھے اور اسٹیج کیے گئے۔ یہ ڈرامے ہمارے سماج اور ہندوستانی تہذیب و معاشرت کے آئینہ دار رہے ہیں۔ لہٰذا اس سے طلبا کو واقف کرانا آج کے عہد میں انتہائی ضروری ہے۔

| Lectures | Learning Topics تدریسی موضوعات | Unit |
|---|---|---|
| 15 | ڈراما: فن، تاریخ، ارتقا<br>ڈراما کے اجزائے ترکیبی<br>ڈراما کے اقسام<br>انگریزی ڈراموں کے اردو تراجم کا تعارف | 1 |
| 15 | وحدت ثلاثہ<br>داخلی عناصر<br>مکالمہ نگاری<br>ڈراما اور اسٹیج کا رشتہ | 2 |
| 15 | اردو میں ڈراما کی روایت<br>ڈراما کی پیشکش کے مختلف ذرائع (اسٹریٹ ڈراما، ریڈیائی ڈراما)<br>ڈراما کی مشرقی روایت<br>ڈراما کی مغربی روایت | 3 |
| 17 | اردو ڈراما میں موضوعاتی و فنی تجربے<br>معاصر عہد میں ڈراما کی صورت حال<br>حبیب تنویر کی ڈراما نگاری<br>محمد حسن کی ڈراما نگاری | 4 |
| 13 | درج ذیل ڈراموں کا تنقیدی مطالعہ<br>اندر سبھا (امانت لکھنوی) انار کلی (امتیاز علی تاج)<br>سلور کنگ (آغا حشر کاشمیری)<br>آگرہ بازار (حبیب تنویر)<br>ضحاک (محمد حسن) | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


اردو ڈراما کا ارتقا — عشرت رحمانی
اودھ کا شاہی اسٹیج — مسعود حسن رضوی
آغا حشر اور ان کے ڈرامے — وقار عظیم
اردو ڈراما — عطیہ نشاط
اردو ڈرامے کی تاریخ و تنقید — عشرت رحمانی
اودھ کا عوامی اسٹیج — مسعود حسن رضوی
اردو ڈراما فن اور روایت — محمد شاہد حسین




Scanned with OKEN Scanner

B.A. IV Year (URDU)    SEMESTER – VIIIth    (PAPER – IV A)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Jadeed Urdu Nazm | جدید اردو نظم | Optional | 5 | A030805AT |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) شعری اصناف میں نظم کا رواج ابتدائی زمانے سے رہا ہے۔ نظم کا لفظ دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے ایک نثر کے مقابلے میں اور دوسرے ایک شعری صنف کے طور پر۔ نظم میں ہیئت و فن کے متعدد تجربے ہوئے ہیں ان کے مضامین بھی بے شمار ہیں اور اس وقت غزل کے بعد سب سے مقبول صنف سخن نظم ہی ہے۔ لہٰذا طلبا کو نظم اور جدید نظم سے واقف کرانا ضروری ہے۔

| Lectures | تدریسی موضوعات Learning Topics | Unit |
|---|---|---|
| 16 | نظم کا اصطلاحی مفہوم، صنفی خصوصیات، نظم کا پس منظر<br>نظیر اکبر آبادی کی نظم گوئی<br>انجمن پنجاب لاہور کا تصور (محمد حسین آزاد اور حالی کی نظموں کے خصوصی حوالے سے)<br>مسدس حالی کے ابتدائی دس بند کی متنی تدریس | 1 |
| 15 | بیسویں صدی کا آغاز اور نظم گوئی کی روایت<br>اقبال اور اردو نظم (خصوصی مطالعہ)<br>اقبال کی درج ذیل نظموں کی متنی تدریس<br>(خضر راہ، مسجد قرطبہ) | 2 |
| 15 | جوش کی نظم نگاری<br>جوش کی نظموں کی متنی تدریس (شکست زنداں کا خواب، نقاد)<br>ترقی پسند تحریک کا شعری تصور اور ترقی پسند نظم نگاری کا جائزہ<br>فیض کی نظم نگاری<br>فیض کی نظموں کی متنی تدریس (تنہائی، زنداں کی ایک شام) | 3 |
| 13 | ن م راشد کی نظم نگاری<br>ن م راشد کی نظموں کی متنی تدریس (سباویراں، حسن کوزہ گر)<br>میراجی کی نظم نگاری<br>میراجی کی نظموں کی متنی تدریس (چل چلاؤ، کلرک کا نغمہ محبت) | 4 |
| 16 | اختر الایمان کی نظم نگاری<br>اختر الایمان کی نظموں کی متنی تدریس (ایک لڑکا، مسجد)<br>جدیدیت اور جدید شعری تصور<br>نئی نظم کے فکری و فنی ابعاد<br>نثری نظم کے تجربے | 5 |

امدادی کتب برائے مطالعہ:


جدید شاعری — عبادت بریلوی
اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک — خلیل الرحمن اعظمی
جدید اردو نظم: نظریہ و عمل — عقیل احمد صدیقی
نظم معری اور آزاد نظم — حنیف کیفی
نظم جدید کی کروٹیں — وزیر آغا
جدید اردو نظم کا مطالعہ — ڈاکٹر اکبر مہدی مظفر




Scanned with OKEN Scanner

## B.A. IV Year (URDU) SEMESTER – VIIIth (PAPER – IV B)

| COURSE TITLE | COURSE TITLE | COURSE TYPE | CREDITS | COURSE CODE |
|---|---|---|---|---|
| Jadeed Ghazal | جدید غزل | Optional | 5 | A030805BT |

اغراض و مقاصد (Course Outcome) غزل ہر زمانے میں مقبول صنف سخن رہی ہے اور ہر زمانے سے خود کو ہم آہنگ کرتی رہی ہے۔ [illegible] میں بہت سے مضامین شامل ہو گئے۔ معشوق کا تصور بدل گیا اس کے اسلوب بیان میں بھی تبدیلی واقع ہوئی اور نئے الفاظ و استعارات اس میں شامل ہو گئے۔ [illegible] کرانا سود مند ثابت ہوگا۔

| Lectures | تدریسی موضوعات Learning Topics | Unit |
|---|---|---|
| 17 | کلاسیکی غزل کی شعریات سے انحراف اور اردو غزل میں نو کلاسیکی اور جدید موضوعات و اسالیب<br>غالب کی غزل گوئی (تنگ دامانی غزل کا شکوہ) غزل کی روایت سے انحراف<br>غالب: متنی تدریس (نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا ☆ دہر میں نقش وفا وجہ تسلی نہ ہوا ☆ ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے)<br>حالی: متنی تدریس (ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں ☆ اس کے جاتے ہی یہ کیا ہو گئی گھر کی صورت)<br>داغ: متنی تدریس (غضب کیا ترے وعدے پہ اعتبار کیا ☆ تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں) | 1 |
| 13 | بیسویں صدی کے اوائل میں غزل کی روایت کی بازیافت<br>شاد اور اقبال کی غزل گوئی کے امتیازات<br>شاد: متنی تدریس (تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں ☆ نگہ کی برچھیاں جو سہ سکے سینہ اسی کا ہے)<br>اقبال: متنی تدریس (خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں ☆ کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباس مجاز میں ☆ گیسوئے تابدار کو اور بھی تابدار کر) | 2 |
| 13 | فانی، حسرت اور یگانہ کی غزل گوئی نیز فانی کی درج ذیل منتخب غزلوں کی تدریس<br>(دنیا میرے بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے ☆ خوشی سے رنج کا بدلہ یہاں نہیں ملتا)<br>حسرت: متنی تدریس (اپنا سا شوق اوروں میں لائیں کہاں سے ہم ☆ توڑ کر عہد کرم نا آشنا ہو جائیے)<br>یگانہ: متنی تدریس (ادب نے دل کے تقاضے اٹھائے ہیں کیا کیا ☆ انتقام کی عادت ہے دل دکھائے گی) | 3 |
